ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(617)

مورخہ 20.11.2023

**بہاولپور(     )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 11ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ چنی گوٹھ ، تھانہ اوچشریف، تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے 08ملزمان اللہ دتہ،عبدالرشید، ایاز،نعمان ،مزمل ، ذالفقار،ممتاز اور محمد خان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 176 لیٹر شراب برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ کوتوالی،اوچشریف اور تھانہ دھوڑکوٹ پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے 03ملزمان حمزہ،شوکت اور فضل احمد کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 03عدد پسٹل 30بور برآمد کرلئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،شراب اور منشیات ایک لعنت ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاون،گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (618)

مورخہ 20.11.23

**بہاولپور(      )وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں 18 سال سے کم عمر موٹر سائیکل اور گاڑی چلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری۔متعدد کم عمر لڑکوں کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔"اپنے بچوں کو مجرم بننے سے بچائیں" 18 سال سے کم عمر کے بچوں کا گاڑی یا موٹر سائیکل چلانا جرم ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات پر ضلع بھر میں 18 سال سے کم عمر موٹر سائیکل وگاڑی چلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔بہاولپور پولیس نے جاری مہم میں اب تک 15 کم عمر نوجوانوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لئے جبکہ 272 نوجوانوں کے چالان کئے جاچکے ہیں ۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس متعلق تمام شہریوں کو اطلاع دی جاچکی ہے کہ وزیر اعلی پنجاب کے حکم پر کم عمر موٹر سائیکل چلانے والے اور گاڑی چلانے والے نوجوانوں کو گرفتار کیا جارہا ہے اور فوری ایف آئی آر بھی درج کی جارہی ہے۔شہر کے تمام لوگوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ پریشانی سے بچیں اپنے کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل اور گاڑی استعمال نہ کرنے دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قانون کی پاسداری ہم سب پر فرض ہے۔جاری کردہ احکامات پر عمل درآمد کر کے ہم بہت سی قیمتی جانوں کو ضائع ہونے سے بچاسکتے ہیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹر جنرل پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں 18 سال سے کم عمر موٹر سائیکل اور گاڑی چلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری